# THE

# SENATE OF PAKISTAN

# DEBATES

# *OFFICIAL REPORT*

Friday, the January 23, 2026

(357th Session)

Volume XIII, No.03

(Nos.)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

Volume XIII No.0**3** SP.XIII (03)/202**6** 15

# Contents


1. Recitation from the Holy Quran ..... 1
2. Motion under Rule 263 for Dispensation of the Rules ..... 1
3. Leave of Absence ..... 2
4. Motion under Rule 194(1) moved by Chairman, Standing Committee on Railways regarding steps taken by the Government to control corruption in the Railways ..... 3
5. Motion under Rule 194(1) moved by Chairman, Standing Committee on Railways regarding suffering of loss of Rs. 55 billion by Pakistan Railways in the Financial Year 2023 ..... 5
6. Motion under Rule 194(1) moved by Chairman, Standing Committee on Railways regarding the details of train accidents took place in the country during the last five years ..... 5
7. Motion under Rule 194(1) moved by Senator Zamir Hussain Ghumro, on behalf of Chairman, Standing Committee on Maritime Affairs regarding the details of Industrial Commercial allotment of plots by the Korangi Fisheries Harbour Authority (KOFHA) during the last 15 years ..... 6
8. Motion under Rule 194(1) moved by Senator Shahadat Awan, on behalf of Chairperson, Standing Committee on Planning, Development and Special Initiatives on a Resolution moved by Senator Muhammad Talha Mahmood, on 1st December, 2025, recommending to the Government to take effective steps to control unemployment in the country ..... 7
9. Motion under Rule 194(1) moved by Senator Shahadat Awan, on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice on [The Legal Practitioners and Bar Councils (Second Amendment) Bill, 2025] ..... 7
10. Motion under Rule 194(1) moved by Senator Shahadat Awan, on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice on [The Pakistan Psychological Council Bill, 2025] ..... 8
11. Motion under Rule 194 (1) moved by Chairman, Standing Committee on Communications regarding dilapidated condition of Motorway and Lawari Tunnel ..... 9
12. Motion under Rule 194 (1) moved by Chairman, Standing Committee on Communications regarding construction of Arando road and Garam Chashma road up till Shah Salim Border, Chitral ..... 9
13. Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue on [The Securities and Exchange Commission of Pakistan (Amendment) Bill, 2025] ..... 10
14. Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue regarding text messages being sent to filers by FBR containing bank balance and transacted amount causing breach of financial privacy and data protection ..... 10
15. Presentation of report of the Standing Committee on Privatization on [The Privatization Commission (Amendment) Bill, 2025] ..... 11
16. Motion under Rule 204 moved by Senator Muhammad Talha Mahmood regarding constitution of a Special Committee to examine the matters relating to coordination, facilitation, policy integration, international promotion of tourism and infrastructure development in Chitral ..... 11
17. Calling Attention Notice by Senator Sarmad Ali regarding the financial crisis being faced by the University leading to non-payment of salaries to the staff ..... 14
    - Dr. Tariq Fazal Chaudhry (Federal Minister for Parliamentary Affairs) ..... 14
18. Calling Attention Notice by Senator Syed Ali Zafar regarding the economic instability in the Country ..... 15
    - Mr. Bilal Azhar Kayani (Minister of State for Railways) ..... 22

## SENATE OF PAKISTAN
## SENATE DEBATES

Friday, the January 23, 2026

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at five minutes past two in the noon with Mr. Chairman (Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

**Recitation from the Holy Quran**

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ
حَثِيْثًا وَّ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ وَ النُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَ الْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٥٤﴾ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا
وَّ خُفْيَةً اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿٥٥﴾

ترجمہ: کچھ شک نہیں کہ تمہارا پروردگار اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر جا ٹھہرا وہی رات کو دن کا لباس پہناتا ہے کہ وہ اس کے پیچھے دوڑتا چلا آتا ہے اور اسی نے سورج اور چاند اور ستاروں کو پیدا کیا سب اس کے حکم کے مطابق کام میں لگے ہوئے ہیں دیکھو سب مخلوق بھی اسی کی ہے اور حکم بھی (اسی کا ہے) یہ اللہ رب العالمین بڑی برکت والا ہے۔ (لوگو) اپنے پروردگار سے عاجزی سے اور چھپ، چھپ کے دعائیں مانگا کرو، وہ حد سے بڑھنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔

سورۃ الاعراف (آیات ۵۴تا۵۵)

Mr. Chairman: *Jazak Allah.* Yes, Mr. Bilal Azhar Kayani. Please move the motion for dispensation of the Question Hour.

**Motion under Rule 263 for Dispensation of the Rules**

Mr. Bilal Azhar Kayani (Minister of State for Finance and Revenue and Railways): Thank you, Mr. Chairman! It is moved under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the requirement of

Rule 41 of the said rules regarding the Question Hour be dispensed with for today's sitting of the Senate.

Mr. Chairman: I, now, put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The Question Hour for today's sitting of the Senate is suspended. Leave applications.

**Leave of Absence**

Mr. Chairman: Senator Kamil Ali Agha has requested for the grant of leave for 23rd January, 2026, during the current Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Palwasha Mohammad Zai Khan has requested for the grant of leave for 16th January, 2026, during the current Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Hafiz Abdul Karim has requested.. (Followed by T02)

**T02-23Jan2026 Babar/Ed:Shakeel 2:10:PM**

Mr. Chairman: (Continued…) Senator Hafiz Abdul Kareem has requested for the grant of the leave for the 19th and 20th January, 2026 during the current Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Fawzia Arshad has requested for the grant of the leave for the 19th January, 2026 during the current Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Asad Qasim has requested for the grant of the leave for the 20th January, 2026 during the current Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Dilawar Khan has requested for the grant of the leave for the whole 357th current Session, during the current Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Atta-ur-Rehman has requested for the grant of the leave for the 16th and 19th January, 2026 during the current Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Order. No.3. Senator Shahadat Awan, Chairman, Standing Committee on Railways. Please, move Order. No. 3.

**Motion under Rule 194(1) moved by Chairman, Standing Committee on Railways regarding steps taken by the Government to control corruption in the Railways**

Senator Shahadat Awan: I, to Chairman, Standing Committee on Railways, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of Starred Question No. 1, asked by Senator Shahadat Awan, on 22nd May, 2024, regarding steps taken by the Government to control corruption in the Railways, may be extended for a period of sixty days with effect from 18th January, 2026.

Mr. Chairman: I, now, put the motion before the House.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: Yes, Senator Mohammad Azam Khan Swati.

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: Sir, basically Rule 194 was not made to shield inefficiency of the Government.

جناب چیئرمین: آپ کس issue پر بات کر رہے ہیں؟

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: جناب! اسی پر بات کر رہا ہوں کہ یہ rule اس لیے بنایا گیا تھا کہ Senate Committees میں اگر وزراء صاحبان مصروف ہیں، ملک میں اگر کوئی catastrophe آ چکی ہے یا اور کوئی ایمر جنسی ہے تو اس صورت میں آپ اسے تھوڑا delay کر سکتے ہیں اور وہ بھی باقاعدہ آپ سے یعنی Chair سے باقاعدہ motion کے ذریعے سکتا ہے لیکن یہ routine کا مسئلہ نہیں ہے۔ Basically, it is not an extraordinary tool to apply that one and seek extension۔ جناب، اگر آپ ریلوے کے خود وزیر ہیں اور 60 دن یا 120 دن کی آپ extension لیں گے اور ایوان میں اس کی پوری رپورٹ نہیں پیش کریں گے تو اس سے آپ کی efficiency پر اثر پڑتا ہے اور لوگوں کے مسائل بڑھتے ہیں۔ کم از کم اور کچھ نہیں ہے اور ہم نے تو ایوان کو debating society بنا دیا ہے۔ آپ اتنا تو کم از کم کریں کہ رپورٹ پیش کرنے کے بعد جو متعلقہ ادارہ ہے، اسے یہ احساس دلانا چاہیے کہ ہاں accountability کے لیے یہاں سینیٹ بیٹھی ہوئی ہے۔ سینیٹ کے بڑے vibrant اور بڑے بڑے قد یہاں بیٹھے ہوئے ہیں اور وہ اس چیز کو watch کرتے ہیں کہ اس کی رپورٹ باقاعدہ طور پر آئے گی اور سینیٹ کے ساتھ share ہو گی۔ آپ اس Point of Order پر کم از کم اس motion کو reject کریں کیونکہ یہ extraordinary extension چاہتے ہیں کہ اتنا بڑا delay ہے۔ آپ یہ بھی دیکھیں کہ یہ آج تین، چار اور پانچ ایسے motions لے کر آ رہے ہیں، شکریہ۔

جناب چیئرمین: Thank you, and I totally agree with you کہ efficiency بڑھانے کے لیے extension زیادہ نہیں ملنی چاہیے، مگر again یہ میرا decision نہیں ہے اور I have to put to the House. مطلب Ministers concerned بیٹھے ہیں۔ میں ان سے بھی request کروں گا کہ آپ اس کی efficiency بڑھائیں۔ ہم پہلے Leader of the House کے ساتھ مل کر ایک meeting کریں گے اور اس کے بعد جتنے بھی Standing Committee کے Chairpersons ہیں، ان کے ساتھ بھی meeting کر کے ہم اس پر decision لیں گے۔، شکریہ۔

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Order. No.4. Senator Shahadat Awan, Chairman, Standing Committee on Railways. Please, move Order. No. 4.

**Motion under Rule 194(1) moved by Chairman, Standing Committee on Railways regarding suffering of loss of Rs. 55 billion by Pakistan Railways in the Financial Year 2023**

Senator Shahadat Awan: I, Chairman, Standing Committee on Railways, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of Starred Question No. 2, asked by Senator Shahadat Awan, on 22nd May, 2024, regarding suffering of loss of Rs. 55 billion by Pakistan Railways in the Financial Year 2023, may be extended for a period of sixty days with effect from 18th January, 2026.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Order. No.5. Senator Shahadat Awan, Chairman, Standing Committee on Railways. Please, move Order. No. 5.

**Motion under Rule 194(1) moved by Chairman, Standing Committee on Railways regarding the details of train accidents took place in the country during the last five years**

Senator Shahadat Awan: I, Chairman, Standing Committee on Railways, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of Starred Question No. 3, asked by Senator Shahadat Awan, on 22nd May, 2024, regarding the details of train accidents took

place in the country during the last five years, may be extended for a period of sixty days with effect from 18th January, 2026.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Order. No.5. Senator M. Fesal Vawda, Chairman, Standing Committee on Maritime Affairs. Please, move Order. No. 5. He is not present. Any other Member who's wants to move on behalf of Senator M. Fesal Vawda? Yes, Senator Senator Zamir Hussain Ghumro.

**Motion under Rule 194(1) moved by Senator Zamir Hussain Ghumro, on behalf of Chairman, Standing Committee on Maritime Affairs regarding the details of Industrial Commercial allotment of plots by the Korangi Fisheries Harbour Authority (KOFHA) during the last 15 years**

Senator Zamir Hussain Ghumro: I, on behalf of Senator Muhammad Fesal Vawda Chairman, Standing Committee on Maritime Affairs, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of Starred Question No. 31, asked by Senator Shahadat Awan, on 13th November, 2025, regarding the details of Industrial Commercial allotment of plots by the Korangi Fisheries Harbour Authority (KOFHA) during the last 15 years, may be extended for a period of sixty days with effect from 14 th January, 2026.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Order. No.7. Senator Qurat-Ul-Ain Marri, please move Order. No. 7. She is not present. On her behalf, Senator Shahadat Awan, please.

**Motion under Rule 194(1) moved by Senator Shahadat Awan, on behalf of Chairperson, Standing Committee on Planning, Development and Special Initiatives on a Resolution moved by Senator Muhammad Talha Mahmood, on 1st December, 2025, recommending to the Government to take effective steps to control unemployment in the country**

Senator Shahadat Awan: I, on behalf of Senator Qurat-Ul-Ain Marri, Chairperson, Standing Committee on Planning, Development and Special Initiatives, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Resolution moved by Senator Muhammad Talha Mahmood, on 1st December, 2025, recommending to the Government to take effective steps to control unemployment in the country, may be extended for a period of sixty days with effect from 31st January, 2026.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Order.No.8. Senator Farooq Hamid Naek, please, move Order. No. 8. He is not present. On his behalf, Senator Shahadat Awan, please.

**Motion under Rule 194(1) moved by Senator Shahadat Awan, on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice on [The Legal Practitioners and Bar Councils (Second Amendment) Bill, 2025]**

Senator Shahadat Awan: I, on behalf of Senator Farooq Hamid Naek, Chairman Standing Committee on Law and Justice, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Bill further to amend the Legal Practitioners and Bar Councils Act, 1973 [The Legal Practitioners and Bar Councils (Second Amendment) Bill, 2025], introduced by Senator Shahadat Awan in

the Senate sitting held on 1st December, 2025, may be extended for a period of sixty days with effect from 30th January, 2026.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Order.No.9. Senator Farooq Hamid Naek, please move Order. No. 9. On his behalf, Senator Shahadat Awan.

**Motion under Rule 194(1) moved by Senator Shahadat Awan, on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice on [The Pakistan Psychological Council Bill, 2025]**

Senator Shahadat Awan: I, on behalf of Senator Farooq Hamid Naek Chairman, Standing Committee on Law and Justice, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Bill to establish the Pakistan Psychological Council [The Pakistan Psychological Council Bill, 2025], introduced by Senator Kamran Murtaza in the Senate sitting held on 1st December, 2025, may be extended for a period of sixty days with effect from 30th January, 2026.

Mr. Chairman: I, now, put the motion before the House. (Followed by T03)

**T03-23JAN2026 Taj/Ed. Shakeel 02:20 p.m.**

Senator Shahadat Awan: Contd… introduced by Senator Kamran Murtaza in the Senate sitting held on 1st December, 2025, may be extended for a period of sixty days with effect from 30th January, 2026.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Order No. 10, Senator Pervaiz Rashid Sahib, Chairman, Standing Committee on Communications, please move Order No. 10.

**Motion under Rule 194 (1) moved by Chairman, Standing Committee on Communications regarding dilapidated condition of Motorway and Lawari Tunnel**

Senator Pervaiz Rashid: I, Chairman, Standing Committee on Communications, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of Starred Question No. 6, asked by Senator Muhammad Talha Mahmood, on 30$^{th}$ September, 2025, regarding dilapidated condition of Motorway and Lawari Tunnel, may be extended for a period of sixty days with effect from 30$^{th}$ January, 2026.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Order No. 11, Senator Pervaiz Rashid Sahib, Chairman, Standing Committee on Communications, please move Order No. 11.

**Motion under Rule 194 (1) moved by Chairman, Standing Committee on Communications regarding construction of Arando road and Garam Chashma road up till Shah Salim Border, Chitral**

Senator Pervaiz Rashid: I, Chairman, Standing Committee on Communications, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of Starred Question No. 7, asked by Senator Muhammad Talha Mahmood, on 30$^{th}$ September, 2025, regarding construction of Arando road and Garam Chashma road up till Shah Salim Border, Chitral, may be extended for a period of sixty days with effect from 30$^{th}$ January, 2026.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Order No. 12, Senator Saleem Mandviwalla. On his behalf Senator Anusha Rahman Ahmad Khan, please move Order No. 12.

**Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue on [The Securities and Exchange Commission of Pakistan (Amendment) Bill, 2025]**

Senator Anusha Rahman Ahmad Khan: On behalf of Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue, I would like to move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Bill further to amend the Securities and Exchange Commission of Pakistan Act, 1997 [The Securities and Exchange Commission of Pakistan (Amendment) Bill, 2025], introduced by Senator Anusha Rahman Ahmad Khan in the Senate sitting held on 1st December, 2025, may be extended for a period of sixty days with effect from 29th January, 2026.

Mr. Chairman: Order No. 13, Senator Saleem Mandviwalla. On his behalf Senator Anusha Rahman Ahmad Khan, please move Order No. 13.

**Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue regarding text messages being sent to filers by FBR containing bank balance and transacted amount causing breach of financial privacy and data protection**

Senator Anusha Rahman Ahmad Khan: On behalf of Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue, I would like to move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of a Calling Attention Notice moved by Senator Asad Qasim, on 5th December, 2025, regarding the issue pertaining to text messages being sent to filers by FBR containing bank balance and transacted amount causing breach of financial privacy

and data protection, may be extended for a period of sixty days with effect from 29th January, 2026.

Mr. Chairman: Order No. 14. Senator Dr. Afnan Ullah Khan, Chairman, Standing Committee on Privatization, may move Order No. 14.

**Presentation of report of the Standing Committee on Privatization on [The Privatization Commission (Amendment) Bill, 2025]**

Senator Dr. Afnan Ullah Khan: Thank you Mr. Chairman. I, Chairman, Standing Committee on Privatization, present report of the Committee on a Bill further to amend the Privatization Commission Ordinance, 2000 [The Privatization Commission (Amendment) Bill, 2025].

Mr. Chairman: The report stands laid. Order No. 15. Minister-in-Charge, Cabinet Division, may move Order No. 15. Who is Minister-in-Charge, Cabinet Division? Any Minister.

جناب عقیل ملک (وزیر مملکت برائے قانون وانصاف) : جناب چیئر مین! اس کو defer کر دیجیے گا کیونکہ یہ جب قومی اسمبلی میں بھی آیا تھا تو ہم نے Advisory Committee میں مشورے کے بعد defer کیا تھا۔

Mr. Chairman: Order No. 15 stands deferred. Order No. 16. Senator Muhammad Talha Mahmood may move Order No. 16.

**Motion under Rule 204 moved by Senator Muhammad Talha Mahmood regarding constitution of a Special Committee to examine the matters relating to coordination, facilitation, policy integration, international promotion of tourism and infrastructure development in Chitral**

Senator Muhammad Talha Mahmood: Thank you very much Sir. I hereby move under Rule 204 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that this House may authorize the Chairman Senate to constitute a Special Committee to examine the matters relating to coordination, facilitation, policy integration, international promotion of tourism and infrastructure

development in Chitral within the post devolution framework. The Chairman Senate may also be authorized to make changes in the composition of the Committee as and when deemed necessary.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House. Do you oppose it?

سینیٹر رانا ثناءاللہ خان (مشیر برائے سیاسی امور): جناب چیئرمین! میں اس کو oppose کرنا چاہتا ہوں۔ اس میں یہ جو انہوں نے لکھا ہے کہ the matters relating to. Where are those matters? کیونکہ اس ایوان میں کوئی معاملہ زیرِ تجویز ہو، زیرِ بحث ہو تو اسی کو کسی Special Committee کو یا کسی Standing Committee کو refer کیا جاسکتا ہے۔ اگر اس طرح سے Special Committees بننے لگیں تو پھر کسی نے خود یا اس کے کسی عزیز نے کسی جگہ سے بھی الیکشن لڑنا ہے تو اس کو facilitate کرنے یا ان معاملات کو اپنے انداز سے regulate کرنے کے لیے اس قسم کی Special Committees کی requests آنی شروع ہو جائیں گی۔

Mr. Chairman: According to Rule 204 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, the Senate may, by motion, appoint a Special Committee which shall have such composition and functions as may be specified in the motion.

سینیٹر رانا ثناءاللہ خان: جناب چیئرمین! یہ تو انتظامی اختیارات ہیں، اس طرح سے Special Committee بنے، کوئی specific معاملہ ہو تو اسی پر آپ کسی Special Committee کو authorize کر سکتے ہیں یا اس کو آپ بنا سکتے ہیں تاکہ وہ اس specific معاملے کو دیکھے۔۔۔

Mr. Chairman: Minister Sahib, I agree with you.

سینیٹر رانا ثناءاللہ خان: وہ اس specific معاملے کو دیکھے اور House میں آ کر وہ رپورٹ کرے۔ جو بھی معاملہ ان کو درپیش ہے تو قائمہ کمیٹیاں موجود ہیں۔ وہ اسے یہاں پر پیش کریں اور وہ متعلقہ قائمہ کمیٹی کو جائے گی۔

جناب چیئرمین: کیا یہ پہلے قائمہ کمیٹی میں گیا ہے؟

سینیٹر محمد طلحہ محمود: اس پر discussion ہو چکی ہے، اس سے پہلے بھی اس پر اجلاس میں discussion ہوئی تھی۔ اگر آپ چاہیں تو میں اس پر discussion بھی کر سکتا ہوں، tourism پوری دنیا کا مسئلہ ہے اور پاکستان میں اس کے فروغ کے لیے بہت ساری رکاوٹیں ہیں۔

اگرsitting Government اس کو oppose کرتی ہے تو پاکستان کی بد قسمتی ہے۔ پہلے ہی سے پاکستان کا بیڑا غرق ہوا ہے۔ پاکستان میں اس وقت جو معاشی حالات ہیں، انہوں نے پہلے ہی تباہ و برباد کیا ہے، ملک کا بیڑا غرق کیا ہے اور اب اگر اس پر کوئی کام کرنا چاہے تو اسے کام نہ کرنے دیا جائے۔ جناب! آپ جائیں، دیکھیں کہ چترال میں کیا ہے۔ چلیں چترال کو چھوڑیں، دوسرے علاقے آپ check کرلیں۔ میں اس پر discussion کرنا چاہتا ہوں، مجھے موقع دیں، میں اس پر بات کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین! آپ نے اپنا مؤقف دے دیا ہے۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود: میں اس سلسلے کو کسی حالت نہیں چھوڑوں گا۔ میں اس پر بالکل firm ہوں۔

جناب چیئرمین: آپ تشریف رکھیں۔ منسٹر صاحب کو floor دیتے ہیں۔

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: جناب! صرف بیڑا چترال کا کیوں پار کرنا ہے؟ پورے پاکستان کے لیے کوئی دس، پندرہ، بیس، پچاس کمیٹیاں بنادیں۔ (جاری۔۔T04)

**T04-23Jan2026 Ali/Ed: Iram 02:30 pm**

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: (جاری ہے۔۔۔) جناب! صرف چترال کا بیڑا کیوں پار کرنا ہے؟ پورے پاکستان کے لیے دس، پندرہ، بیس، پچاس کمیٹیاں بنادیں، یعنی ان کا موقف یہ ہے کہ پورے پاکستان کا بیڑا غرق ہو گیا ہے۔ صرف چترال کا بیڑا پار کرنا ہے تو سارے پاکستان کا کریں۔

Mr. Chairman: I refer the matter to the relevant Committee. Please, Senator Sherry Rehman Sahiba.

سینیٹر شیری رحمان: آپ کی اجازت سے may I suggest کہ دو Committees ہیں، ایک Poverty Alleviation جو backward area deal کرتی ہے جہاں بہت محرومی ہے یا تو وہ ادھر چلی جائے یا Inter Provincial Coordination میں جاسکتی ہے۔

جناب چیئرمین: دیکھیں، میں نے refer کیا ہے to the relevant committee.

سینیٹر شیری رحمان: ٹھیک ہے۔

Mr. Chairman: Order No. 17 Calling Attention Notice. There is a Calling Attention Notice at Order No. 17 in the name of Senator Sarmad Ali. Please raise the matter.

**<u>Calling Attention Notice by Senator Sarmad Ali regarding the financial crisis being faced by the University leading to non-payment of salaries to the staff</u>**

سینیٹر سرمد علی: جناب چیئرمین! میں آپ کی اجازت سے وفاقی وزیر تعلیم کی توجہ مبذول کروانا چاہوں گا financial crisis پر جو پچھلے کافی عرصے سے Federal Urdu University of Arts, Science and Technology face کر رہی ہے۔ وہاں تقریباً پندرہ ماہ سے لوگوں کو house rent نہیں ملے، تین ماہ سے employees کو تنخواہیں نہیں ملیں اور چھ ماہ سے لوگوں کو pensions نہیں ملیں۔ وہاں پر پورا infrastructure مخدوش حالت میں ہے، اس کا کوئی پرسانِ حال نہیں ہے۔ بارہ سو students اور ساڑے تین سو faculty کا future ہم نے خطرے میں ڈالا ہوا ہے اور کوئی سننے کو تیار نہیں ہے۔ University Syndicate کی سال میں دو meetings کی قانونی requirement ہے، ایک بھی meeting پچھلے دو سال میں نہیں ہوئی اور دوبارہ Urdu University کا issue اٹھایا گیا ہے، لیکن اس کا کوئی پرسانِ حال لگتا نہیں ہے۔ ایک طرف تو ہم اپنی قومی زبان کے لیے لگے ہوتے ہیں اور قومی زبان کو lip service دے رہے ہوتے ہیں، لیکن جب اس کے لیے university میں کچھ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے، تو ہماری آنکھیں بند ہوتی ہیں اور ہم کچھ کرنے کو تیار ہی نہیں ہوتے۔ اگر وفاقی وزیر اس سلسلے میں بتانا چاہیں گے کہ اس financial crisis کو ختم کرنے کے لیے یا اس کو soften کرنے کے لیے کیا کر رہے ہیں، لوگوں کی تنخواہوں کا کیا ہوگا؟ ان کی pensions کا کیا ہوگا؟ اور Senate کی meeting کو کب طلب کروائیں گے؟ کیونکہ یہ University وفاق کے under آتی ہے۔ شکریہ جناب۔

جناب چیئرمین: متعلقہ وزیر، وزیر صاحب آپ جواب دیں۔

**<u>Dr. Tariq Fazal Chaudhry (Federal Minister for Parliamentary Affairs)</u>**

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (وزارت پارلیمانی امور): بہت شکریہ جناب چیئرمین، فاضل Senator صاحب نے Calling Attention Notice پر Urdu University کے مسئلے کو جو highlight کیا ہے، تو چھوٹی سی وضاحت کے ساتھ میں اس کی تفصیلات پھر آگے دیتا ہوں، یہ University کا نام Urdu University ہے، یہ صرف Urdu کے فروغ کے لیے نہیں بنائی گئی۔ یہ جو

تاثر دیا گیا ہے کہ قومی زبان کی اس کے اندر کوئی توہین و ہتک ہو رہی ہے، یہ نامUrdu University ہے،otherwise ایکregular University ہے،اس کا صرف یہUrdu زبان سے تعلق نہیں ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ اس میں جو مالی معاملات ہیں، اس کے اندر خاصی دشواری اسUniversity کو درپیش ہے اور اس سے پہلے بھی ایک دوUniversities کے لیےPrime Minister Sahib نے خصوصی bailout packages announce کیے تھے، جس میں Quaid-i- Azam University کیeconomic situation بھی خاصی خراب تھی اور وہاں پر بھی اسی طرح کےproblems آرہے تھے۔ تو وہpackage انہیں دیا گیااور اب ان کے معاملات حل ہو گئے ہیں۔ تو اسUniversity کے لیے بھی ہم نے1.5 Billion کے ایک bailout package کی request move کی ہوئی ہے اور ان شاء اللہ میں خود، ابھی چونکہ میرے پاس وہ آئے تھے، اسے follow up بھی کر رہا ہوں، تو بہت جلد ان شاء اللہ ان کا یہ معاملہ حل ہو جائے گا۔

جناب چیئرمین: سرمد علی صاحب، بات ہو گئی ہے۔

سینیٹر سرمد علی: ٹھیک ہے اگر یہ کہہ رہے ہیں کہ ڈیڑھ ارب روپے کا یہ کر رہے ہیں کہ وہ معاملہ حل ہو جائے گا، لیکن صرف ایک چیز میں بتانا چاہوں گا جناب! یہUniversity جو ہے یہ Federal Urdu Arts College اور Federal Urdu Science Collegeکےmerger سے بنائی گئی تھی اور اس کوUniversity کاstatus دیا گیا تھا اور اس میں ہر subject پڑھایا جاتا ہے، لیکن ہر وہsubject جو پڑھایا جاتا ہے وہUrdu language میں پڑھایا جاتا ہے کیونکہ جوinstructions ہیں وہ Urdu medium instructions ہیں۔

Mr. Chairman: The Calling Attention Notice is disposed of. Order No. 18 Senator Syed Ali Zafar Sahib.

## Calling Attention Notice by Senator Syed Ali Zafar regarding the economic instability in the Country

سینیٹر سید علی ظفر: شکریہ جناب چیئرمین۔ جناب چیئرمین، 2026 آ گیا ہے اور عوام تین سوال پوچھ رہے ہیں۔ پہلا سوال پوچھ رہے ہیں کہ پاکستان میں انصاف کدھر ہے؟ دوسرا سوال پوچھ رہے ہیں کہ پاکستان کا اور ہمارا مستقبل کیا ہے؟ اور تیسرا سوال جو ہر ایک کی زبان پر ہے، وہ یہ ہے کہ عمران خان صاحب کب اپناPrime Minister کا عہدہ سنبھالیں گے؟ جناب چیئرمین، ہماری بنیادیں گھل چکی ہیں۔

۸ فروری کے بعد صرف ایک سیاسی تنازعہ پیدا نہیں ہوا جو ہماری جڑیں کھا رہا ہے بلکہ ایک آئینی بحران کو جنم دے دیا گیا ہے۔ عوام نے واضح طور پر اپنی رائے کا اظہار کر دیا ہے اور جب اظہار کیا تو جمہوریت پر ایک حملہ ہو گیا۔ عوامی mandate کو نہ صرف نظر انداز کیا گیا بلکہ تشدد اور بے ایمانی کے ذریعے اس عوامی mandate کو تباہ بھی کر دیا گیا۔ یہ ہماری جمہوریت کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ وہ حقوق، وہ principle جو قائدِ اعظم محمد علی جناح نے ہمیں بتایا تھا، پہلی اگست کو جب انہوں نے Constituent Assembly سے اپنی speech کی تھی تو انہوں نے کیا کہا تھا؟ انہوں نے کہا تھا the authority of the Government is conditional upon the will and consent of the people. ہمارے پہلے Prime Minister لیاقت علی خان نے بھی یہی چیز کہی تھی، انہوں نے کہا تھا the greatest pillar of democracy is the free will of the people, the will is the foundation of the constitution.

جب آپ mandate کو ضائع کرتے ہیں تو آپ کی پوری حکومت کی عمارت ایک ریت کی طرح ہے، وہ کسی وقت بھی گر سکتی ہے اور گرے گی اور یہ میں صرف ایک سیاسی جماعت کے طور پر یا سیاسی جماعت کے representative کے طور پر یہ شکایت نہیں کر رہا۔ یہ ایک قومی خطرے کی گھنٹی ہے، جناب چیئرمین۔ جب آپ عوام کی مرضی کو کچلیں گے تو جو بھی حکومت آئے گی، جو بٹھائی جائے گی، ان کے پاس نہ تو کوئی سیاسی جواز ہو گا، نہ کوئی قانونی جرأت ہے اور نہ ہی اخلاقی authority ہے۔

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: علی ظفر صاحب جو یہ lecture فرما رہے ہیں، اس کی کیا relevance ہے؟ یہ کس تناظر میں ہے؟

جناب چیئرمین: وہ economy پر آ رہے ہیں، .he is coming to the economy side

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: معاملہ یہ ہے کہ وہ اپنے Call Attention تک محدود رہے ہیں۔ انہوں نے تو کوئی لمبا lecture 1947 سے شروع کر دیا ہے۔

جناب چیئرمین: سینیٹر صاحب، آپ economy کی طرف آئیں۔

سینیٹر سید علی ظفر: میں رانا صاحب کا بڑا احترام کرتا ہوں، لیکن شاید ان کو قائدِ اعظم محمد علی جناح کی بات بری لگ گئی جو میں نے ابھی کہی تھی۔ میں تو یہ ایک historical بات کر رہا تھا اپنے Calling Attention پر، بہر حال، کچھ قوت برداشت نہیں ہوتی۔ جناب چیئرمین! اس حکومت میں جس کے پیچھے عوام کی حمایت نہ ہو اور اس کا آج ثبوت میرے honourable دوست نے دیا ہے۔

جب میں بات کرتا ہوں کہ policyاور governanceکی، ایک بڑے دردناک مسئلے کی طرف، ایک بڑےseries بحران کی طرف تو میری نظر ایک عام شہری کے معاشی قتل کی طرف جاتی ہے۔ آپ نمبروں کی طرف ذرا نظر دوڑائیں inflationجس کو مہنگائی کہتے ہیں، وہ محض ایکstatistic نہیں، ایک عدد نہیں ہے۔ Inflation ، مہنگائی کی تلوار پاکستان کے ہر گھر اور ہر خاندان کے سر پر لٹک رہی ہے۔

(جاری ہے۔۔۔۔ T05)

T05–23Jan2026 Imran/ED: Waqas 02:40 pm

سینیٹر سید علی ظفر: (جاری۔۔۔) ,Inflation مہنگائی کی ایک تلوار پاکستان کے ہر گھر اور ہر خاندان کے سر پر لٹک رہی ہے۔ جناب! آپ debt کی، قرض کی بات کرتے ہیں کہ قرض کا جو پہاڑ ہے یہ صرف بڑھ نہیں رہا بلکہ یہ ہماری آنے والی نسلوں کو غلامی کی زنجیر پہنا رہا ہے۔ جناب اس غیر منتخب حکومت کو صرف قرض لے کے ہی گزارا کرنا ہے۔ اگر آپ figures دیکھیں تو اس وقت آپ کے پاس 80 trillion rupees کا debt ہے جو تیرہ فیصد اس سال اور بڑھ گیا ہے اور estimate یہ ہے کہ یہ پندرہ فیصد مزید بڑھتا جائے گا۔

جناب، یہ ترقی تقسیم نہیں کرنے آئے بلکہ یہ بدقسمتی سے مصیبت تقسیم کر رہے ہیں۔ اس لیے میں مجبور ہو جاتا ہوں ان سے پوچھوں کہ ان کا منصوبہ کیا ہے؟ کیا یہ مزید ٹیکس اُنہی سے وصول کرنا چاہ رہے ہیں جو پہلے سے ٹیکس دے رہے ہیں اور ٹیکس کے دباؤ میں دبے جا رہے ہیں۔ اگر آپ ٹیکس کے results کو دیکھیں تو آپ کو پتا چلے گا کہ جناب، پاکستان میں صرف ایک فیصد سے بھی کم لوگ ٹیکس دے رہے ہیں اور انہی کے اوپر سپر ٹیکس اور سپر ٹیکس پر سپر ٹیکس لگا کے یہ اپنی حکومت چلا رہے ہیں۔ Expenditures بڑھتے جا رہے ہیں۔ اسی طرح ہر منسٹر کے سامنے دس دس کاریں جاتی ہیں، ہر منسٹر کے پیچھے دس دس کاریں آتی ہیں۔ اگر برآمدات کی بات کریں تو میں پوچھنا چاہوں گا کہ برآمدات کے بارے میں کیا vision ہے کیونکہ جو میرے پاس اور جو world experts نے statistics دیے ہیں کہ ہماری exports پچھلے دو سال سے کم ہی ہو رہی ہیں، بڑھ نہیں رہیں۔

نوجوان جو ہماری آبادی کا پچاس فیصد سے زیادہ ہیں، اُن کے لیے employment کا کیا بندوبست ہے؟ چھوٹے اور درمیانے طبقے کے کاروبار جنہیں ہماری ریڑھ کی ہڈی سمجھا جاتا ہے، اُن کی حمایت کا کیا plan ہے؟ جناب چیئرمین! یہ سوالات ہیں جو میں پوچھنے پر مجبور ہو گیا ہوں کیونکہ نہ تو اس حکومت کے پاس پالیسی ہے اور نہ حکمرانی ۔ ہم جو دماغوں کی بات کرتے ہیں، جو پاکستان کے ذہین دماغ ہیں، ہم اُن کی ہجرت

دیکھ رہے ہیں۔ جناب چیرمین، یہ actually صرف ہجرت نہیں ہے بلکہ یہ ہماری قومی روح کا خون بہایا جارہا ہے کیونکہ ہمارے پاکستان کے جو بہترین ذہین ہیں وہ صرف اس نظام سے نہیں بھاگ رہے بلکہ وہ اس ناامیدی اور انصاف کے نہ ہونے سے بھاگ رہے ہیں۔

**(مداخلت)**

سینیٹر سید علی ظفر: جس طرح ہم دیکھ رہے ہیں کہ ہمارے ساتھی جو treasury benches پر ہیں، آہستہ آہستہ اُٹھ کے تشریف لے جارہے ہیں۔

**(مداخلت)**

سینیٹر سید علی ظفر: جناب، industries یہاں سے جارہی ہیں۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ ایسا کیوں ہو رہا ہے اور اُن کو روکنے کا کیا انتظام کیا ہے۔ Production کیوں کم ہو رہی ہے اور اس پروڈکشن کو بڑھانے کی پالیسی کدھر ہے؟ شروع شروع میں کہا جاتا تھا کہ economy خراب ہے جسے ہم ٹھیک کرنے آئے ہیں کیونکہ وہ PTI کی حکومت نے بہت خراب کر دی تھی۔ وہ سارا بہانہ تھا اور اب وہ بہانہ بھی ان کے پاس نہیں ہے کیونکہ پچھلے تین سال سے تو ان کی حکومت ہے۔ ہماری economy پچھلے تین سال سے کیوں نیچے جارہی ہے؟ کہاں ہے policy? کہاں ہے experience اور کہاں ہے ان کا vision?

جناب چیئرمین! روزویلٹ ایک امریکی president تھے، انہوں نے definition دی تھی جو ابھی ہم سب سمجھتے ہیں کہ اصل ترقی کی definition وہ ہے۔ انہوں نے کہا تھا کہ ہماری ترقی کا امتحان یہ نہیں کہ جن کے پاس پہلے سے پیسہ ہے، ہم اُن کے پیسے میں اضافہ کریں۔ اصل ترقی یہ ہے کہ جن لوگوں کے پاس کم پیسہ ہے یا پیسہ نہیں ہے، ہم اُن کو کم از کم زندگی گزارنے کے لیے پیسہ دے سکیں۔ یہ ہے اصل ترقی لیکن ان کو اُس ترقی کا نام و نشان بھی نہیں پتا بلکہ وہ اُن لوگوں کے problems میں اضافہ کر رہے ہیں جن کے پاس پہلے سے ہی پیسہ کم ہے۔ جناب چیرمین، یہ ان کی ترقی کی پالیسی نہیں ہے بلکہ میں افسوس سے کہوں گا یہ مایوسی کی پالیسی ہے۔

ایسا کیوں ہو رہا ہے؟ جناب چیرمین! یہ اس لیے ہو رہا ہے کہ اس پارلیمنٹ کو اور اس ایوان کو بالکل بے معنی کر دیا گیا ہے۔ ہمارے پاس نہ تو معیشت کا، نہ سلامتی کا اور نہ خارجہ پالیسی کا کوئی بھی معاملہ لے کے آیا جاتا ہے بلکہ فیصلے ڈرائنگ روم میں ہو جاتے ہیں اور جاکے ایسے معاہدوں پر sign کر دیے جاتے ہیں جو ہمارے future اور ہمارے مستقبل کو ایک طرح سے bind کر دیں گے۔ This is a betrayal of the Constitutional concept of civilian supremacy. اس کے ساتھ ۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر سید علی ظفر: اس کے ساتھ ساتھ قانون کو مسلسل ہتھیار کی طرح استعمال کیا جا رہا ہے۔ مقدمے file نہیں ہو رہے بلکہ مقدمے بنائے جا رہے اور manufacture ہو رہے ہیں اور کورٹ کا کیس خود ایک سزا بن گیا ہے۔ جناب، یہ سیاسی انتقام ہے اور اس سے ہماری عدالتیں بھی شرم سار ہو رہی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ عوام کا جتنا بھی اعتماد ہے، وہ ہم سے اُٹھتا جا رہا ہے۔ جناب، اس سب کا کیا نتیجہ ہے کہ ہماری کوئی بھی Policy, میں ایک simple example آپ کو دے دوں کہ ہماری کوئی بھی پالیسی ہو، اُس کی سمجھ نہیں آ رہی۔ اگر آپ کشمیر کی بات کرتے ہیں تو کشمیر پر جو ہمارا principle stance اور جو اصولی stance ہے، اُس کو ignore کیا جا رہا ہے ۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: مجھے تو سمجھ آ رہی ہے اور آپ کی بھی آتی ہے۔

سینیٹر سید علی ظفر: اس سب کا تعلق economy کے ساتھ ہے جس کا آپ جواب دے سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین: اس کا منسٹر جواب دیں گے۔

سینیٹر سید علی ظفر: ابھی میں complete کر رہا ہوں۔ آپ کی بھی بڑی چیزیں ہم نے سنی ہیں ۔

جناب چیئرمین: اس کا منسٹر جواب دیں گے۔

سینیٹر سید علی ظفر: جی بالکل دیں گے ۔ ہم اُن کو بالکل موقع دیں گے اور اُن کو سنیں گے بھی۔ اب جو آپ کا وینزویلا پر موقف ہے، آپ کا موقف جو ایران کے ساتھ ہونے لگا ہے، اُس موقف کی ہمیں سمجھ ہی نہیں آ رہی ہے کہ آپ کس طرف کھڑے ہیں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ کے پاس مشکل اور مصیبت والے سوال کا جواب ہی نہیں ہے۔ جناب، دنیا میں اس وقت اور اب میں ایک بڑے ایک اہم point پر conclude کرنے کی طرف آ رہا ہوں کہ دنیا میں اس وقت نیا نظام آ رہا ہے۔ میں نے اس پر بڑا سوچا ہے، سمجھا ہے اور یہ نظر آ رہا ہے کہ اب اس نئے نظام میں اقوام متحدہ کی بھی کوئی reference and relevance نہیں ہو گی۔ اس نئے نظام میں بین الاقوامی قوانین کی بھی کوئی اہمیت نہیں ہو گی اور اس نئے نظام میں ہر ملک نے اپنی sovereignty بچانی ہے۔ آپ ذرا یہ point سنیں، یہ بڑا important point ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر سید علی ظفر: آپ جواب دیں گے۔ اس نئے نظام میں ہم نے اپنی خود مختاری کو بچانا ہے اور اس خود مختاری اور strategic autonomy کی حفاظت کرنی ہے۔ جناب، ہر وہ قدم جو ہم نے اُٹھانا ہے.بڑا سوچ سمجھ کے اُٹھانا ہے۔ اس میں حکومت کو ہر قدم پر اس پارلیمان کی حکمت کی ضرورت پڑے گی۔ یہ پارلیمان کی حکمت کے بغیر آگے نہیں چل سکتے لیکن اُس کے ساتھ ساتھ اس نئے عالمی نظام میں آپ کو بہت دانش کے ساتھ ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ آپ کو عوام کی حمایت بھی حاصل ہو۔ آپ کو قوم کی حمایت بھی حاصل ہو اور میں آج آپ کو بتا دوں کہ قوم کی حمایت کے بغیر آپ کوئی قدم نہیں اُٹھا سکیں گے۔ یہ قوم کی حمایت آپ کو صرف تب ملے گی جب عمران خان صاحب آئیں گے کیونکہ قوم عمران خان صاحب کے ساتھ ہے۔ جناب میں جانتا ہوں آپ کیا سوچ رہے ہوں گے۔ آپ شاید یہ سوچ رہے ہیں کہ یہ تو اپوزیشن کا ایک لیڈر ہے اور اس نے تنقید ہی تنقید کرنی ہے۔ (جاری۔۔۔T06)

T06-23Jan2026 Abdul Ghafoor/ED: Shakeel 2:50 PM

سینیٹر سید علی ظفر: (جاری۔۔۔) جناب چیئرمین! میں جانتا ہوں آپ کیا سوچ رہے ہوں گے۔ آپ شاید سوچ رہے ہیں کہ یہ تو opposition کا ایک leader ہے اور اس نے تنقید ہی تنقید کرنی ہے لیکن میں ان کو بتا دوں کہ ہم صرف opposition نہیں ہیں ہم ایک متبادل ہیں۔ ہم ایک alternative government ہیں۔ ہمارے پاس سارے economic measures and economic policies موجود ہیں۔ ہمارے پاس governance حکمرانی کی policy ہے۔ ہمارے پاس electoral reforms کی policy ہے۔ ہمارے پاس environmental and digital vision کی policy ہے۔ ہمارے پاس investment سرمایہ کاری کے ساتھ، ترقی کے ساتھ بھی ہے۔

**(مداخلت)**

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب جواب دیں گے۔

سینیٹر سید علی ظفر: ہمارے پاس tax کی بھی ایسی policy ہے۔

جناب چیئرمین: یہ منسٹر جواب دیں گے پھر سمجھ آئے گی۔

سینیٹر سید علی ظفر: آپ سننے کی ہمت رکھیں۔ ہمیں opposition کا کام کرنے دیں۔ سنیں اور جواب دیں۔ آپ رانا صاحب سے سیکھیں۔ رانا صاحب دیکھیں، چپ کر کے سن رہے ہیں انہوں نے کچھ نہیں بولا۔

Mr. Chairman: Please wind up.

سینیٹر سید علی ظفر: جی، جناب چیئرمین! میں wrap up کر رہا ہوں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: دیکھیں، government کبھی walk out نہیں کرتی۔ اپوزیشن walk out کرتی ہے۔

سینیٹر سید علی ظفر: جناب چیئرمین! میری appeal ہے۔

Mr. Chairman: Please, wind up.

سینیٹر سید علی ظفر: جی، میں wind up کر رہا ہوں۔ آپ سے میری ایک appeal ہے۔ جناب! وہ یہ ہے کہ آپ ایک special committee تشکیل کریں، please اور اس special committee کی ذمہ داری یہ ہو گی کہ ایک جو election میں دھاندلی کا الزام ہے اس کو investigate کریں۔ نمبر دو میں نے institutional overreach کی بات کی جو اداروں کی حد سے زیادہ مداخلت ہے اس کے اوپر تحقیقات کریں۔ یہ ایک میری پہلی request ہے۔ دوسری request میری ایوان سے ہے۔ اگر آپ میری بات کو ایک second کے لیے سن لیں۔

Mr. Chairman: Please, wind up.

سینیٹر سید علی ظفر: میری ایوان سے request ہے کہ آج resolution pass کریں کہ اس حکومت کی جو، جو policies صرف غریبوں کے خلاف ہیں اور ان پر بوجھ ڈالتی ہیں اس کو مسترد کریں۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Please, wind up.

سینیٹر سید علی ظفر: جی، میں wind up کرتا ہوں۔ جناب! آخر میں میں یہ کہوں گا کہ ہم آئین کی حفاظت کی oath لے کے یہ بیٹھے ہیں۔ ہم نے آئین کی oath لے لی ہے کہ ہم آئین کی حفاظت کریں گے۔ میں یہ کہوں گا کہ لوگ دیکھ رہے ہیں تاریخ record کر رہی ہے۔ اگر ہم نے سینیٹ میں rubber stamp ہی رکھنا ہے۔۔

(مداخلت)

سینیٹر سید علی ظفر: جناب! میں ختم کر رہا ہوں تو میری request یہ ہو گی کہ آپ حقوق کی حفاظت کریں۔ آپ اس مشکل وقت میں اپنا role ادا کریں۔

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب۔

جناب بلال اظہر کیانی (وزیر مملکت برائے ریلویز): جناب چیئرمین! شکریہ۔

(مداخلت)

**Mr. Bilal Azhar Kayani (Minister of State for Railways)**

جناب بلال اظہر کیانی: شکریہ، جناب چیئرمین! میری گزارش ہے کہ جس طرح calling attention کو استعمال کر کے یہاں پر ایک budget speech کی گئی، اب تحمل سے اسی طرح میری گزارش ہے کہ Government کا جواب بھی سنا جائے۔ گزارش یہ ہے کہ سب سے پہلے علی ظفر صاحب نے کہا کہ ہمارے پاس حکومتی policies معاشی policies موجود ہیں۔ ہم نے وہ معاشی policies بھرپور طریقے سے 2018 اور 2022 کے درمیان دیکھیں چار وزرائے خزانہ آئے، دو کروڑ سے زائد لوگ غربت کی لکیر کے نیچے دھکیلے گئے، پچاس لاکھ سے زیادہ لوگ بے گھر کیے گئے، ملک کو default کی طرف دھکیلا گیا۔

جناب والا! ، آج یہاں آئین پر، جمہوریت پر، election پر lecture دینے والے RTS کی حکومت بنا کر آئے تھے۔ ان کے لیے دھرنے بھی پہلے کسی نے کروائے۔ یہ جانتے ہیں کہ ان کی حکومت بھی جس طرح بنی۔ ان کی حکومت جس طرح چلی، وہ بھی یہ جانتے ہیں۔ ہمیں بتایا گیا تھا کہ اسد عمر صاحب بڑے معاشی expert and magician ہیں۔ ان کو پہلے دس بارہ مہینے سمجھ ہی نہیں آئی کہ کیا کرنا ہے۔ پہلے کہتے تھے IMF نہیں جاؤں گا، خودکشی کر لوں گا، پھر IMF بھی گئے۔ ایک ایسا program agree کیا جو کہ substandard تھا۔ جس میں ملک کے لیے نقصان کے علاوہ کچھ نہیں تھا اور اس کو بھی صحیح طرح نہیں چلا سکے۔

آخر میں چار وزرائے خزانہ بدلنے کے بعد، ملک کا کباڑا کرنے کے بعد، ملک کو default کی طرف دھکیلنے کے بعد، جب موصوف کو نظر آیا کہ ان کی کرسی جا رہی ہے تو ملک کو جان بوجھ کر default کی طرف دھکیلا۔ اس شخص نے یہ بار بار ثابت کیا ہے کہ جو Adiala میں بیٹھا ہے جس کی یہ باتیں کر رہے ہیں وہ آ کر fail ہو چکا ہے۔ اس وقت پر جو حالت تھی، چاہے وہ وفاقی حکومت تھی، چاہے وہ Punjab حکومت تھی چاہے وہ Khyber Pakhtunkhwa کی حکومت تھی انہوں نے وہاں جو تباہی اور بربادی کی وہ سب کے سامنے ہے۔

اس وقت اس شخص نے اپنی کرسی کی انا میں IMF program sabotage کیا، یہ جانتے ہوئے کہ اگر آپ اس وقت یہ کام کریں گے تو آپ ملک کو default کی طرف دھکیلیں گے اور default کی طرف دھکیلنے کا مطلب یہ تھا جو اس وقت Sri Lanka میں ہوا تھا۔ جہاں پر پانچ پانچ دن لوگ گاڑیاں دس لیٹر petrol کے لیے قطار میں لگاتے تھے۔ جہاں دو دو دن بزرگ اور خواتین cooking gas کے لیے قطار میں کھڑی تھیں۔ عمران خان کو کو پتا تھا کہ یہی ہوگا، اس کے باوجود اس شخص نے یہ کام کیا۔ اسی طرح جس طرح cipher لہرایا گیا، اسی طرح جس طرح آج بھی وہ افواج کو گالیاں نکالتا ہے۔ وہ شخص کسی بھی حد تک جانے کو تیار رہا ہے اور آج یہاں آ کر بھاشن دیتے ہیں۔ ان کی ساری معاشی policies ہم دیکھ چکے ہیں۔ ان کی ساری معاشی policies fail ہو چکی ہیں۔ ان کی لگائی ہوئی آگ ہم آج بجھا رہے ہیں اور ان کو اس بات کی تکلیف ہے کہ ہم نے وہ آگ بجھائی۔

جناب والا! 2022 میں جب ہم نے حکومت سنبھالی، تو انہوں نے جس IMF program کو sabotage کیا تھا۔ ہم نے وہ revive کیا، IMF کے ساتھ اعتماد بحال کیا کیونکہ ملک کی ضرورت تھی۔ ملک کو default سے بچانا تھا۔ اس وقت بھی آپ کو یاد ہے کہ ان کے وزرائے خزانہ شوکت ترین صاحب تھے، تیمور جھگڑا صاحب IMF کو چٹھیاں لکھ رہے تھے کہ یہ revive نہ ہو، ملک default کیوں نہیں ہو رہا۔ عمران خان کو تکلیف تھی، PTI کو تکلیف تھی اور آج یہاں پر lecture دیتے ہیں۔ ان لوگوں کو اس معاشی دہشت گردی پر قوم سے معافی مانگنی چاہیے جس پر آج یہاں آ کر بھاشن دے رہے ہیں۔

جناب والا! اس کے بعد جب موجودہ حکومت آئی ہمیں نیا IMF program agree کرنا تھا پھر سے IMF کو چٹھی لکھی گئی ان کو سکون نہیں آیا۔ ان کو ڈر تھا کہ 2022 میں PDM کی حکومت میں کس طرح IMF کا programme revive ہوا۔ کس طرح ملک default سے بچا۔ کس طرح ملک stability کی طرف گیا۔ کس طرح اس کے بعد معاشی استحکام آیا۔ 2024 میں جب ہم IMF programme میں گئے، پھر سے ان کو تکلیف تھی اور اس کے بعد 2024 میں جب ہم نے budget pass کیا تو انہوں نے کہا کہ یہ targets تو ممکن ہی نہیں ہیں کہ 2025 financial year میں پورے کرنا mini budget آئے گا ہی آئے گا۔ mini budget بھی نہیں آیا۔ ہم نے targets بھی پورے کیے۔ ہم نے IMF programme بھی چلایا۔ ہم مہنگائی کی شرح بھی نیچے لے کر آئے۔ آج یہ باتیں کرتے ہیں۔

جنابِ چیئرمین! اس میں ہمیں کہنے میں کوئی قدغن نہیں کہ آج بھی مشکلات ہیں مگر پچھلے دو سال میں جو معاشی استحکام کا سفر ہم نے طے کیا وہ سب کے سامنے ہے۔ ان سب کو دکھ اس بات کا ہے کہ 2024 کے start میں ان کے پاس بھی موقع تھا حکومت بنانے کا، کیوں نہیں بنائی؟ ان کا خیال تھا کہ معاشی حالات اتنے مشکل ہیں کہ کوئی سنبھال نہیں سکتا۔ اس وجہ سے یہ بھاگے کہ ان کا خیال تھا کہ جون 2024 تک معاشی حالات بے قابو ہو جائیں گے مگر ہم نے سنبھال کر دکھایا۔

جناب والا! میری صرف اتنی گزارش ہے، ابھی بات کر رہے تھے علی ظفر صاحب کہ committees بنی چاہئیں۔ یہاں پر جو standing committees ہیں اس میں آپ آتے نہیں ہیں۔ ہم دعوتیں دے دے کر تھک گئے ہیں۔ National Assembly کی standing committee میں پچھلی مرتبہ budget کے اندر لوگ موجود تھے۔ ہم نے ہر opposition and treasury کے member سے رہنمائی حاصل کر کے Income Tax Ordinance کے اندر amendments finalize کیں۔ آپ اپنا کردار ادا نہیں کرتے۔ یہاں پر تقاریر تک اور talk shows تک ان کی باتیں محدود ہیں۔ جو actual کام ہے calling attention notices,question hour ہم National Assembly میں روزانہ دیکھتے ہیں یہ کوئی اپنا کردار ادا نہیں کرتے۔ ہماری گزارش ہے کہ آپ اگر ملک میں معاشی استحکام اور بہتری میں حصہ نہیں ڈال سکتے تو اس میں کم از کم رکاوٹ نہ بنیں۔ حکومت اپنا کام جاری رکھے گی، جس طرح معاشی استحکام لے کر آئے ہیں۔ ان شاء اللہ آگے exports میں بھی اضافہ کریں گے، نوکریاں اور روزگار بھی provide کریں گے۔ ان شاء اللہ پاکستان کو ایک sustainable economic growth پر لے کر جائیں گے۔ اس میں اگر آپ ایک constructive and positive حصہ ڈالیں گے ہم اس کو welcome کریں گے۔ آپ پارلیمان میں disruptive politics کریں گے اور ہمیں بھاشن دیں گے economic policies پر تو ہمیں آپ کو آپ کا آئینہ دکھانا پڑے گا۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: دیکھیں، Parliamentary Leader of PTI میں گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ کی طرف سے اگر جواب نہ آتا تو you would have been ignored میں نے موقع فراہم کیا ہے instant کہ آپ باہر چلے جائیں، آپ اپنا جواب دیں۔

(جاری۔۔۔T07)

جناب چیئرمین: دیکھیں Parliamentary Leader of PTI میں ایک گزارش کرنا چاہتا ہوں، اگر آپ کی طرف سے جواب نہ آتا تو you had have been ignored میں نے موقع فراہم کیا ہے instead کہ آپ باہر چلے جائیں، آپ اپنا جواب دیں، تو اس پر موثر طریقے سے آپ نے کوشش کی ہے، انہوں نے اپنے طور پر موثر طریقے سے کوشش کی ہے، this is the role of the Parliament اور حکومت کا کام ہے کہ embarrass you اور آپ کا کام ہے کہ embarrass نہ ہوں، if you have done something تو آپ ان کو result دکھائیں۔ اگر کبوتر کی طرح آنکھیں بند کریں گے تو معاملہ حل نہیں ہوگا۔ اب دونوں طرف سے debate ہو اور اوپر سب سنیں۔ اس لیے میرے اوپر بہت pressure تھا کہ میں adjourned کر دوں، میں نے نہیں کیا۔ میں نے اس لیے نہیں کیا کل کو یہ ہو گا کہ حکومت کا موقف تو سنا ہی نہیں بلکہ چیئرمین سینیٹ نے نہیں سننے دیا تو اس لیے میں نے موقع دیا۔ آپ پانچ منٹ بولے، اس سے زیادہ بھی بولتے تو میں موقع دینے کے لیے تیار تھا۔ میرا خیال ہے کہ before somebody points out quorum تو میں adjourn کرنا چاہتا ہوں۔

The notices of the questions, which were received for the current session, but could not be taken up in the House will not lapse on the prorogation of the session and will be carried forward for the next session.

I will now read out the prorogation order received from the President. In exercise of the powers conferred by Clause (1) of Article 54 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I hereby prorogue the Senate Session on the conclusion of its business on Friday the 23rd January, 2026.

Sd/-

(Asif Ali Zardari)
President of Pakistan

--------------

*[The House was then prorogued sine die]*

--------------